ٹیچرز ٹریننگ مینول

بارہ روزہ ورکشاپ

20-31 جولائی 2008

زیرِ اہتمام بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام



سوسائٹی فار کمیونٹی سپورٹ فار پرائمری ایجوکیشن ان بلوچستان

SCSPEB

دیباچہ

تدریس ایک نہایت پیچیدہ اور نازک فن ہے جس کے ذریعے ایک استاد اپنے زیرِ رہنمائی بچے کو مطلوبہ معلومات اور مہارتوں سے آراستہ کرتا ہے تاکہ وہ اپنے عملی زندگی کے لیے تیاری کر سکیں تدریس کی پیچیدگی زندگی کی پیچیدگیوں اور نئی پیشہ ورانہ دریافتوں کے ساتھ بڑھتی چلی جا رہی ہے اس لیے ایک استاد خواہ وہ کتنا ہی ماہر اور تجربہ کار کیوں نہ ہو اپنی رہنمائی کے لیے مواد اور وسائل کی تلاش میں رہتا ہے

بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے جو قابلِ قدر کاوشیں ہوئی ہیں ان میں جدید تر بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام ہے جس کا اجراء بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے عالمی بینک کے مالی تعاون سے سال 2007 میں کیا تھا اس پروگرام کی خوبی یہ ہے کہ یہ مقامی کمیونیٹز کے بھرپور تعاون سے چلایا جارہا ہے جس کے تحت صوبہ بھر میں ساڑھے چھ سو کمیونیٹی پرائمری سکول قائم کیے جائیں گے اور یہ کام پانچ سال کے عرصے میں مکمل ہوگا۔ سوسائٹی فار کمیونیٹی سپورٹ فار پرائمری ایجوکیشن ان بلوچستان صوبہ میں ایجوکیشن سیکٹر میں کام کرنے والا قدیم ترین غیر سرکاری ادارہ ہے اور صوبہ میں خاص طور پر دیہی علاقوں میں فروغِ تعلیم کے لیے اس ادارہ نے نہایت اعلیٰ خدمات انجام دی ہیں ادارہ کے تجربہ اور اسکی شہرت کے پیشِ نظر بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے سوسائٹی کی شراکت کاری کے ذریعے نہ صرف خضدار، پشین، قلعہ عبداللہ اور خضدار کے اضلاع میں سینتالیس کمیونیٹی پرائمری سکول قائم کیے بلکہ ان سکولوں کے اساتذہ کرام کی تربیت اور ان کی روزمرہ پیشہ ورانہ مشکلات میں معاونت کا کام بھی اس ادارہ کو سونپا

تربیتِ اساتذہ اور کلاس روم سپورٹ کا عمل سال 2007 میں شروع ہوا تھا اور اساتذہ کی تربیت کے لیے ایک ماڈیول ترتیب دیا گیا تھا جو کہ مقاصد کے حصول میں کافی کامیاب ثابت ہوا اساتذہ کی تربیت چونکہ ایک مسلسل عمل ہے اس لیے طے کیا گیا کہ اساتذہ کو ایک بار اور تربیت کی بھٹی سے گزارہ جائے چنانچہ ان کے لیے تربیت کا ایک بارہ روزہ پروگرام وضع کیا گیا اور یہ پروگرام اساتذہ کی تربیتی ضرورتوں کو پیشِ نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے تربیت کو موثر اور سودمند بنانے کے لیے ایک ماڈیول کی ضرورت تھی چنانچہ موجودہ دستاویز اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے ترتیب دی گئی ہے اس ماڈیول کی تیاری کے لیے نہ صرف ماسٹر ٹریزنز نے اپنے مشاہدات اور تجربات کو بنیاد بنایا ہے بلکہ اس میں اساتذہ کرام کے ساتھ کی گئی ملاقاتوں سے حاصل ہونے والی ملاقاتوں کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے یہ ماڈیول اسطرح وضع کیا گیا ہے کہ تربیت کار زیرِ تربیت اساتذہ کو زیادہ سے زیادہ عملی کام سے گزارے اور انھیں تدریس کے زیروبم کو سمجھنے میں معاونت کریں امید کی جاتی ہے کہ یہ ماڈیول اساتذہ کو انکی پیشہ ورانہ ضرورتوں کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگا اور انم کو تدریس میں جن پیچیدگیوں کا سامنا ہو انھیں سلجھانے کے لیے معاون ہوگا

عرفان احمد اعوان

مینجنگ ڈائریکٹر

بارہ روزہ تربیتی ورکشاپ کے مقاصد

اس تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر اساتذہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

۱. تدریس زبان کی مہارتوں میں پختگی پیدا کرنے کے لئے ایسی موثر اور دلچسپ سرگرمیاں ترتیب دے سکیں کہ بچوں میں اردو بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیتیں پیدا ہوں.

۲. انگریزی کی درسی کتب میں دیئے گئے الفاظ اور جملوں کو سمجھ کر صحیح تلفظ کے ساتھ بول، پڑھ اور لکھ سکیں اور بچوں کو دلچسپ سرگرمیوں کے ذریعے سکھا سکیں.

۳. تدریس ریاضی میں تصورات کی وضاحت کے لئے آسان، سادہ اور روزمرہ زندگی سے متعلق سرگرمیاں ترتیب دے سکیں اور کمرہ جماعت میں ان کا اطلاق کر سکیں.

۴. کثیر الجماعتی تدریس کے لئے موثر منصوبہ بندی کر سکیں.

۵. مدرسے کا تمام ریکارڈ (رجسٹرات وغیرہ) وقت اور مطلوبہ ضرورت کے مطابق درست طریقے سے مرتب کر سکیں.

تدریس اردو

سرگرمی نمبر 1

مقصد: ☆ اعراب کی تدریسی مہارتوں کو پختہ کرنا

☆ اردو قاعدہ کے آخری صفحات 53-59 پر دیئے گئے اعراب " زبر، زیر، پیش، تشدید، جزم، واؤ معدوسہ، نون غنہ " کی تدریس کے دوران پیش آنے والی مشکلات/مسائل کی نشاندہی

☆ مسائل/مشکلات پر گفتگو اور شرکاء کے تجربوں کی روشنی میں مسائل کا حل

☆ شرکاء کی اعراب میں سے کسی ایک پر سبقی خاکہ کی تیاری

☆ سبق کی پیشکش

☆ پیش کردہ اسباق پر بحث۔ مثبت اور منفی پہلوؤں کی نشاندہی

☆ اچھی پیشکشوں کے نکات تختہ سیاہ پر لکھے جائیں گے

سرگرمی نمبر 2: جوڑ اور توڑ کی مشق (آسان سے مشکل کی جانب)

مقصد: لفظ سازی میں مہارت پیدا کرنے کی مشق

(الف) گروپ ورک (وقت: 20 منٹ)

☆ اردو قاعدے میں سے مکمل شکل والے دو حرفی الفاظ کی لسٹ کی تیاری

☆ انہی الفاظ پر مشتمل جوڑ اور توڑ کی سرگرمیوں کی تیاری

☆ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ پیشکشوں پر بحث و مباحثہ اور نتائج اخذ کرنا

سرگرمی نمبر 3:

مقصد: جوڑ توڑ کی مشق

(ب) گروپ ورک (وقت: 20 منٹ)

☆ اردو قاعدے میں سے مکمل شکل والے تین حرفی الفاظ کی لسٹ کی تیاری

☆ انہی الفاظ پر مشتمل جوڑ اور توڑ کی سرگرمیوں کی تیاری

☆ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ پیش کردہ کاموں (پیشکش) پر بحث

سرگرمی نمبر 4:

مقصد: جوڑ توڑ کی مشق

(ج) گروپ ورک (وقت: 20 منٹ)

☆ اردو قاعدے میں سے مکمل شکل والے چار حرفی الفاظ کی لسٹ کی تیاری

☆ انہی الفاظ پر مشتمل جوڑ اور توڑ کی سرگرمیوں کی تیاری

☆ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ پیش کردہ کاموں پر بحث، مباحثہ اور نتائج اخذ کرنا

سرگرمی نمبر 5: مفرد + مرکب اور مرکب + مفرد الفاظ کی جوڑ اور توڑ

(د)

☆ اردو قاعدے میں سے متفرقہ چار حرفی الفاظ کی لسٹ کی تیاری

☆ انہی الفاظ پر مشتمل جوڑ اور توڑ کی سرگرمیوں کی تیاری

☆ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ پیش کردہ کاموں پر بحث اور نتائج اخذ کرنا

سرگرمی نمبر 6: الفاظ سازی کی حکمت ہائے عملی

مقصد: الفاظ سازی تفہیم کے ساتھ

(الف) گروپ ورک (وقت 10 منٹ)

☆ اردو قاعدہ اور درسی کتاب جماعت اول میں سے ایسے الفاظ چنیں جن کو الٹ کر نیا بامعنی لفظ بنایا جا سکے مثلاً"

نام کا الٹ" "مان"

☆ گروپس کی جانب سے الفاظ کی پیشکش

☆ کم وقت میں زیادہ الفاظ بنانے والے گروپس کی حوصلہ افزائی کیجائیگی

سرگرمی نمبر 7:

(ب) گروپ ورک (وقت 10 منٹ)

☆ درج ذیل الفاظ کے (زیادہ سے زیادہ) ہم آواز الفاظ بنائیں

☆ I دم، نام، حیوان، تارے، ساری، پیارے

☆ II کالی، چل، کرنے، جان، محنت

☆ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ زیادہ ہم آواز (قافیہ) الفاظ بنانے والے گروپ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں

سرگرمی نمبر 8: گروپ ورک (وقت 10 منٹ)

(ج) درج ذیل الفاظ کے ہم معنی لفظ لکھیں جیسے امی ۔۔۔۔والدہ

ابا، استاد، جماعت، پھول، درخت، شب

سرخ، سورج، پہلا، سکول، اندھیرا وغیرہ

☆ کام (الفاظ) کی پیشکش

☆ کم وقت اور بہتر انداز میں کام کرنے والے گروپ کی حوصلہ افزائی

سرگرمی نمبر 9: گروپ ورک (وقت 10 منٹ)

(د) درج ذیل الفاظ کے الٹ (متضاد) لکھیں

صبح، صاف، سفید، اچھا، کچا، نیکی، گندا

اوپر، چھوٹا، اندر، سر، خوشی، دائیں

الٹا، ٹھنڈا، آگ، درست، نرم، اونچا

سوار، مشرق، پرانا، دور، سردی، انسان

بوڑھا، غریب، ایماندار، کم

☆ الفاظ کی پیشکش

☆ درست اور مکمل کام کرنے پر گروپس کی حوصلہ افزائی

سرگرمی نمبر 10: انفرادی کام وقت 5 منٹ

(ہ) لفظوں کا جال بنائیں۔ دیئے ہوئے لفظ سے تعلق رکھنے والے دیگر الفاظ کا جال بنائیں۔ مثلاً پانی کا جال

(پیاس، میٹھا، ٹھنڈا، بہتا، فصل اگنا، غسل، وضو اور صفائی وغیرہ)

بادل زیادہ الفاظ بنانے والے کی تعریف کی جائے

(11:30-1:30) Lunch and prayer Time

سرگرمی نمبر 11: درج ذیل کی ڈرائنگ کریں

جھنڈا، بس، پھول، سورج، چاند، ستارے، درخت،

مچھلی، پتنگ، موم بتی، سیب، انگور، کوئی منظر

سرگرمی نمبر 12:

مقصد: اساتذہ میں ازخود مشقی سوالات تیار کرنے کی مہارت پیدا کرنا

درسی کتاب جماعت اول صفحہ نمبر 24 سبق "صفائی"

1. درج ذیل ہر پانچ پانچ جملے تحریر کریں

مچھر ، مکھی

پڑھانے والے کو استاد کہتے ہیں بتایئے درج ذیل کو کیا کہتے ہیں؟

(الف)

1- جہاز چلانے والا---------- 2- سفر کرنے والا---------

3- گاڑی چلانے والا--------- 4- کپڑے سینے والا-------

(ب) آپ اسی طرح مزید 10-15 تک سوال تیار کریں۔

سرگرمی نمبر 13: درسی کتاب جماعت اول صفحہ نمبر 15 "میرا محلّہ"

1. ترتیب سے بھاری حروف تہجی لکھیں
2. درسی کتاب صفحہ نمبر 15 "میرا محلّہ" میں سے بھاری حروف پر مشتمل الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔
3. جن بھاری حروف کے الفاظ سبق میں موجود نہیں ہیں ان سے نئے الفاظ بنائیں
4. کام کی پیشکش
5. درست کام کی حوصلہ افزائی

سرگرمی نمبر 14: گروپ ورک وقت 15 منٹ

خالی جگہ پر کر کے لفظ مکمل کریں۔

الف: درج ذیل نامکمل الفاظ کے آخر میں "ر" لگا کر لفظ مکمل کریں

شو۔۔۔، مو۔۔۔، چو۔۔۔، دو۔۔۔، طو۔۔۔،

پو۔۔۔، نو۔۔۔، ثو۔۔۔، جو۔۔۔، ڈو۔۔۔،

زو۔۔۔، گو۔۔۔،

ب: خالی جگہ پر مناسب حرف، رکن لگا کر لفظ مکمل کریں

پیا۔۔۔، ہما۔۔۔، سا۔۔۔، دلا۔۔۔، تمہا۔۔۔، سہا۔۔۔،

سرگرمی نمبر 15: گروپ ورک وقت 15 منٹ

الف) **مثال دیکھ کر لفظ بنائیں** جیسے پھول سے پھولوں

میدان، درخت، دریا، سبزی، کوچہ، محلّہ، میز، پہاڑ

برآمدہ، کاغذ، کتاب، مکان، سڑک، کاپی، پینسل، تصویر

ب) **مثال دیکھ کر لفظ بنائیں** میز سے میزیں

کتاب، دیوار، بہن، چیز، مسجد، اینٹ

کھانا، رات، کان، جان، بیل، بات

ج) "یاں" لگا کر نیا لفظ بنائیں۔ جیسے بلی- بلیاں

لکڑی، مچھلی، روشنی، وادی، مٹھائی، کشتی

سرخی، ریڑی، بچی، تھیلی، سہیلی، سنہری

سرگرمی نمبر 16: درج ذیل حروف سے زیادہ سے زیادہ لفظ بنائیں

(الف)

ا	پ	س	ی	ل	ک	م	ن	و	ج

(ب)

سرگرمی نمبر 17:

ٹیبل میں دیئے گئے حروف سے لفظ بنائیں

جیسے ب + چ = بچ

آ	ب	ج	ٹ	ط	ع
گ	م	و	ر	ا	ج
ڑ	ح	ث	ک	س	ن
پ	ص	غ	جھ	ی	ت
ل	پھ	د	ے	ذ	ف
خ	ظ	ق	کھ	تھ	ڈھ

سرگرمی نمبر 18: شیر "دھاڑتا" ہے۔ بتائیں یہ جانور کیا کرتے ہیں؟

بلی۔۔۔، طوطا۔۔۔، بکری۔۔۔،

کتا۔۔۔، کبوتر۔۔۔، کوا۔۔۔،

چڑیا۔۔۔، مینڈک۔۔۔، گھوڑا۔۔۔،

کوئل۔۔۔، گدھا۔۔۔،

سرگرمی نمبر 19: جہاں بسیں کھڑی ہوتی ہے اس جگہ کو بس اڈہ کہتے ہیں بتائیں درج ذیل کو کیا کہتے ہیں

1. جہاں ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہیں
2. جہاں جہاز ٹھہرتے ہیں
3. جہاں بہت ساری کتابیں رکھی جاتی ہیں
4. جہاں فصلیں اگتی ہیں
5. جہاں بچے پڑھنے جاتے ہیں
6. جہاں عبادت کرنے جاتے ہیں
7. جہاں لوگ غسل کرتے ہیں
8. جہاں لوگ کھانا پکاتے ہیں

9. جہاں جانور پالے جاتے ہیں

10. جہاں مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے

(ب) شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ اسطرح کے 8-10 سوال کیا کریں

(ج) گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

(د) اچھے سوالات بنانے والے گروپس کی حوصلہ افزائی

سرگرمی نمبر 20: درسی کتاب جماعت اول صفحہ نمبر 20 جاندار اور بے جان چیزیں

(الف) **سوچ کر بتائیں**

1. کون کون سے جانور گھاس کھاتے ہیں؟ 2. گوشت کھانے والے جانوروں کے نام لکھیں؟

3. پانی میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟ 4. چند پالتو جانوروں کے نام بتائیں؟

7. جنگل میں رہنے والے چند جانوروں کے نام لکھیں؟ 8. آپ کونسا جانور پسند ہے؟ کیوں؟

تفہیم کا جائزہ: درسی کتاب جماعت اول میں سے شرکاء کو ایک ایک سبق دے کر ان سے زبان دانی اور تصورات پر مبنی ازخود مشقی سوالات تیار کرنے کو دی جائیں گی

کام کی پیشکش

بحث و مباحثہ

زندگی کی مہارتیں

سرگرمی نمبر 21: بچوں میں سوچ کر بیان کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا

(الف) **اپنی کلاس کا بغور مشاہدہ کریں اور بتائیں آپکی کلاس میں کیا کیا چیزیں ہیں**

پانچ چیزوں کے نام بتائیں

1. موسموں کے نام بتائیں؟

2. آج کل کونسا موسم ہے؟

3. سوچ کر بتائیں غسل خانے میں کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں؟

4. آپ کے گاؤں کی دکان میں کون کون سی چیزیں ملتی / بکتی ہیں؟

5. آپ کے گھر کے باورچی خانہ میں کون کون سی چیزیں ہیں۔ چند کے نام بتائیں

(ب) اساتذہ اسی طرح کے چند سوال تیار کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سرگرمی نمبر 22: گروپ ورک "Speedy Test" (وقت 3 منٹ)

(الف) ورک شیٹ: الفاظ بنائیں جیسے ہم سے ہم نام

(ب) ورک شیٹ: الفاظ کی زنجیر بنائیں مثلاً: مور۔۔ رسی

(ج) ورک شیٹ: مکالمہ دو چڑیوں کے درمیان

آزاد چڑیا پنجرے میں بند چڑیا

(د) ورک شیٹ: ہم اپنے ہاتھوں سے کیا کیا کام لے سکتے ہیں؟

(ر) ورک شیٹ: ہم اپنے پاؤں سے کیا کیا کام کر سکتے ہیں؟

سرگرمی نمبر 23: گروپ ورک (وقت 5 منٹ)

(الف) **درج ذیل الفاظ کی املا غلط ہے۔ انھیں درست کر کے دوبارہ لکھیں**

مثال: سحرا، ہلوہ وغیرہ

(ب) موسم گرما کی سبزیاں اور پھلوں کے نام لکھیں

(ج) موسم سرما کی سبزیوں اور پھلوں کے نام لکھیں

سرگرمی نمبر 24: درج ذیل پر چند جملے لکھیں

میرا گھر، میرا اسکول، میرا گاؤں، میرا ملک

میری بلی، میرا طوطا

سرگرمی نمبر 25: فوری سبقی منصوبہ بندی کی مشق

1. آمادگی 2. پیشکش 3. جائزہ/جانچ

سرگرمی نمبر 26: تدریسی معاونات کی تیاری

سرگرمی نمبر 27: عکاسی ڈائری

کل آپ نے کیا کیا سیکھا

اس میں دو باتیں بتائیں 1. مہارتیں 2. معلومات

- کونسی مشکلات پیش آئیں۔ کیا آسان تھا
- مشکل کیوں مشکل لگی
1. طریقہ تدریس مشکل تھی
2. یا علم کی سطح بلند تھی
- کیا کمی رہ گئی
- تجاویز (بہتری کیلیے)

سرگرمی نمبر 28: جائزہ شیٹ کی تکمیل گروپس میں

Teaching of English

- تلاوت کلام پاک
- نعت رسول مقبول ﷺ
- دو تین شرکاء کی جانب سے عکاس ڈائری کی پیشکش
- تجاویز پر بحث غور

سرگرمی نمبر 1:

مقصد: Small Letters اور Capital Letters

پہچانے اور لکھنے کی مشق

درج ذیل انگریزی کے بڑے حروف کیساتھ چھوٹے حروف اور چھوٹے حروف کے ساتھ بڑے حروف لکھیں

A	s	t	N	L	C	p	H	k	U	g	F	V	B	m
e	D	R	i	w	j	q	x	Y	z	O				

سرگرمی نمبر 2:

English Book-I

Unit-7

Listen and Read

- مقصد: پڑھنے کی مہارت میں پختگی پیدا کرنا
- معاونات: تختہ سیاہ، چارٹس، فلش کارڈز، اسٹرنگ کارڈز وغیرہ
- ہدایات: تدریس کے دوران درج بالا معاونات کا استعمال سبق کو آسان اور موثر بنانے کے لیے ضروری ہے

Process of teaching

طریق کار: (English Book-I)

(Listening and Reading)

(A)

1. Resource person درسی کتاب پر لکھا ہوا (Cat) بولے گا
2. پھر spelling کیساتھ "Cat" بولے گا
3. پھر تختہ سیاہ پر "Cat" اور "CAT" لکھ کر بولے گا

(B

چارٹ پر لکھا ہوا "Cat" اور "CAT" دکھا کر لفظ "Cat" بولے گا (Capital اور Small حروف کے فرق پر توجہ رہے)

(C

فلش کارڈز پر "Cat" اور "CAT" دکھا کر لفظ "Cat" دہرایگا

(D

Assesment: فلش کارڈز پر لکھے ہوئے حروف تہجی میں سے "CAT" نکالنے کو کہا جائیگا۔ تینوں صحیح کارڈز نکالنے کا مطلب ہے کہ "cat" پڑھنے کی مہارت حاصل ہوگئی ہے

سرگرمی نمبر 3: صفحہ نمبر 44-45 پر لکھے ہوئے تمام حروف کی پہچان اور حروف سے بننے والے الفاظ پڑھنے کی

مشق مذکورہ بلاطریقے سے کروائی جائے

نوٹ: یادرکھیں! بچوں کی ذہنی سطح اوراستعداد کے مطابق اتنے الفاظ پڑھائیں جتنا بچے سیکھ سکتے ہوں

سرگرمی نمبر 4: **مقصد:** انگریزی الفاظ دیکھ کر لکھنے کی مشق کرنا

- شرکائے کورس کو صفحہ نمبر 44-45 پر دیئے گئے تمام الفظ چار لائنوں پر لکھنے کو کہا جائیگا۔ شرکاء اگر لکھنے کے دوران کوئی ٹیکنیکل غلطی کریں ہر وقت ان کی اصلاح کی جائے
- شرکاء کی لکھی ہوئی تحریریں کمرہ جماعت میں آویزاں کی جائیں گی

سرگرمی نمبر 5: English Book-2

Unit-2

Page 15-21 (Listen & Read)

مقصد: "This is" کا استعمال (use of "This is")

A) Resource person کمرہ جماعت میں موجود چیزوں کی طرف اشارہ کرکے درج ذیل چند جملے بار بار دہرائیگا

1. This is a table 2. This is a book

3. This is apen 4. This is a board

B) تمام شرکاء کورس سے باری باری یہی مشق کروائی جائیگی۔ شرکاء اپنی مرضی اور سوچ کے مطابق چیزوں کا انتخاب کرکے "This is" کی مشق کریں گے

C) English-2 کا صفحہ نمبر 15 باری باری تمام شرکائے کورس کو پڑھنے کے لیے کہا جائیگا۔ پڑھنے کے دوران الفاظ کی درست ادائیگی پر خاص توجہ دی جائیگی۔

D) کتاب کے صفحہ نمبر 15 کی اسی انداز میں مشق کروائی جائیگی تاکہ شرکاء میں روانی سے انگیریزی جملے پڑھنے کی مہارت پیدا ہو

سرگرمی نمبر 6: مقصد: انگریزی جملے دیکھ کر لکھنے کی مشق کرنا

A) شررکاء کو صفحہ نمبر 15-21 میں سے دس جملے (ازخود انتخاب کرکے) لکھنے کو کہا جائیگا۔ شرکاء یہ کام چار لائن والی کاپیوں پر کریں گے

B) شرکاء کا کام انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا اور غلطیوں کی اصلاح کی جائیگی

C) مجموعی غلطیوں کی اصلاح تختہ سیاہ پر کی جائیگی

سرگرمی نمبر 7: مقصد: 1. Reading skill کو تقویت دینا

2. That is اور "This is" میں فرق کرنا اور استعمال کرنا

A) صفحہ نمبر 23-24 کی Reading کروئی جائیگی

B) Assessment: صفحہ نمبر 25-26 "This is" and "That is" کی جانچ ہے

یہاں خالی جگہ شرکاء خود پر کریں گے

C) اب شرکاء انفرادی طور پر "This is""That is" کے از خود کم از کم چھ جملے لکھیں گے (انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا)

D) چند شرکاء کو کام پیش کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ نئی لغت (Vocabulary) استعمال کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

سرگرمی نمبر 8: مقصد 1. Difference between This and These

Difference between That and Those

2. Plural اور Singular کے درمیان فرق کرنا

A) Resource person ایک پینسل اٹھا کر (دکھا کر) بولے گا 1. This is a pencil

پھر تین پینسلیں اٹھا کر بولے گا These are pencils

دور رکھے ہوئے ایک بیگ کی جانب اشارہ کر کے 2. That is a bag

دور رکھے ہوئے ایک سے زیادہ بیگوں کی جانب اشارہ کر کے Those are bags

B) شرکاء کو فرداً فرداً یہ جملے بولنے کو کہا جائیگا۔ نئے جملے بنانے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

C) صفحہ نمبر 27, 28 اور 29 کی ریڈنگ تمام شرکاء سے باری باری کروائی جائی گی۔ درست ادائیگی کا خاص خیال رکھا جائیگا (شرکاء کو ایکدوسرے کی اصلاح کرنے کا موقع دیا جائیگا)

D) جائزہ: صفحہ نمبر 30-31 "These are" اور "Those are" کی جانچ ہے۔ شرکاء یہ جملے اپنی اپنی کاپیوں پر لکھیں گے اور خالی جگہ پر کریں گے۔ (کام انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا)

سرگرمی نمبر 9: "My Self" Unit-3

مقصد: اپنے بارے میں انگریزی میں بولنے اور لکھنے کی مشق

(A صفحہ نمبر "32" Resource person کی ماڈل ریڈنگ

(B چند شرکاء سے Reading کروائی جائے گی۔ الفاظ کی درست ادائیگی کی اصلاح بورڈ پر لکھ کر کی جائیگی

(C تمام شرکاء کو سبق "My Self" از خود خاموشی اور غور سے پڑھنے کو کہا جائیگا کہ وہ پر جملے لکھیں جن میں نئے الفاظ بھی شامل کرلیں مثلاً نئے الفاظ کچھ یوں ہوں گے

(d "My Self" کے حوالے سے کچھ اضافی الفاظ (vocabulary) بورڈ پر لکھے جائینگے۔ شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ پر جملے لکھیں جن میں نئے الفاظ بھی شامل کرلیں مثلاً نئے الفاظ کچھ یوں ہوں گے۔

Best friend, Favourite, Hobbies

Profession, Sisters & brother, Village name وغیرہ

(e شرکا کے کام کی پڑتال کی جائیگی Top five کو اپنا مضمون پیش کرنے کو کہا جائیگا۔

سرگرمی نمبر 10: مقصد: 1. لکھنے کی مہارت میں پختگی پیدا کرنا

2. ڈرائنگ کی مشق کرنا

(A صفحہ نمبر 33 شرکاء انفرادی طور پر چار لائن کی کاپیوں پر لکھیں گے کام کے دوران شرکاء کی رہنمائی کی جائیگی

شرکاء کے کام کی پڑتال کی جائیگی

غلطیوں کی اصلاح تختہ سیاہ پر لکھ کر کی جائی گی

سرگرمی نمبر 11:

(A تمام گروپس فلپ چارٹ پر ڈرائینگ کی مدد سے تیر کے نشان کے ذریعہ لکھ کر دکھائیں گے

(B ہر گروپ میں سے لیڈر کام پیش کرے گا۔ الفاظ کی درست ادائیگی پر توجہ دی جائے گی

(C پیشکش کے دوران غلطیوں کو نوٹ کیا جائیگا

(D تمام پیشکش مکمل ہونے کے بعد غلطیوں کی اصلاح تختہ سیاہ پر لکھ کر کی جائیگی

سرگرمی نمبر 12:

مقصد: رنگوں کے نام انگریزی میں بول اور لکھ سکیں

A) Resource person کمرہ جماعت میں مختلف رنگ دکھا کران کے نام انگریزی میں شرکاء سے پوچھے گا (بنیادی رنگ)

اگر شرکاء نہ بتا سکیں تو Resource person خود بتائے گا

B) صفحہ نمبر 36 شرکاء انفرادی طور پر پڑھیں گے اور رنگ دیکھ کر خالی جگہ پر کریں گے

C) شرکاء اگر کسی اضافی رنگ کا نام لکھیں جو کتاب میں موجود نہیں ہے انکی حوصلہ افزائی کی جائیگی

سرگرمی نمبر 13: 1. ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنا

2. خاندان کے افراد، رشتوں کے نام جاننا سیکھنا

آمادگی (Warm-up Activity) درج ذیل نظم جو خاندان کا تصور دیتا ہے

A) شرکاء کے ساتھ مل کر ایکشن کے ساتھ ترنم سے گانا

☆Where is the Thumb king. Here I am

☆How are you this morning. very well & Thank you

B) صفحہ نمبر 37 "My Family" کی Resource person ماڈل ریڈنگ پیش کریں گے

C) اگر سبق میں شرکاء کیلیے کوئی نیا لفظ ہو تو Resource person بورڈ پر لکھ کر پڑھنے کی مشق کروائیگا

d) شرکاء انفرادی طور پر سبق "My family" کی خاموش ریڈنگ کریں گے

گروپ ورک: شرکاء گروپ میں رشتوں کے نام لکھیں گے اور ہر گروپ کی جانب سے کام کی پیشکش ہوگی

خوبصورت اور معیاری پیش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

f) خوبصورت اور معیاری کام پیش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

سرگرمی نمبر 14:

مقصد: خاندان کے بارے میں چند جملے لکھنے کے قابل بنانا۔ تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا

A) خاندان کے حوالے سے کچھ اضافی الفاظ (New vocabulary) بورڈ پر لکھ دیے جائیں گے

B) شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ اپنے خاندان کے بارے میں 10-15 جملے لکھیں۔ اضافی لغت کا استعمال کر کے چند نئے جملے شامل کریں

C) کام کی پڑتال کی جائے گی

c) معیاری کام سب کے سامنے پیش کیا جائے گا

سرگرمی نمبر 15:

خالی جگہ پر مناسب حرف لگا کر لفظ مکمل کریں

A) صفحہ نمبر 38 کاپیوں پر لکھ کر الفاظ مکمل کرنے کی مشق کروائی جائیگی

B) شرکاء کو موقع دیا جائیگا کہ وہ گروپس میں مشورہ کر کے چند نئے رشتوں کے نام بتائیں جو کتاب میں موجود نہیں

C) اگر شرکاء یہ کام کرنے سے قاصر رہیں تو کم از کم دو تین نئے لفظ تختہ سیاہ پر لکھ کر بتائیں گے۔ مثلاً

1. Mother in law 2. Father in law 3. Sister in law وغیرہ

سرگرمی نمبر 16: پڑھنے اور لکھنے میں مہارت پیدا کرنا

کتاب کا صفحہ نمبر 39 انفرادی طور پر شرکاء کو کاپیوں پر لکھنے کو کہا جائیگا۔ چار لائن پر لکھنے کی ٹیکنیک کو اہمیت دی جائے گی

c) شرکاء سے کہا جائے گا کہ وہ ان الفاظ کے جملے بنا کر بولیں مثلاً

My grand father lives in the village

e) شرکاء کو اسطرح کے پانچ جملے بنا کر لکھنے کو کہا جائیگا۔

d) شرکاء کا کام چیک کیا جائیگا

سرگرمی نمبر 17:

جملے مکمل کرنا

- صفحہ نمبر 40 شرکاء کا انفرادی طور پر کاپیوں پر خالی جگہ پر کر کے جملے مکمل کرنے کو کہا جائیگا۔ (یہ نام لکھنے کی مشق ہے)
- Spelling میں شرکاء کی رہنمائی کی جائیگی۔ نام کا پہلا حرف Capital letter سے لکھنے کی ہدایت بھی کی جائیگی

سرگرمی نمبر 18: صفحہ نمبر 42 کی مشق

A) Match the words with Pictures

B) صفحہ نمبر 43 Write the missing letters.

C)	شرکاءکوازخودگروپس میں صفحہ نمبر 43 کی طرح کی مشق بنانے کوکہا جائیگا۔ مشق 15-10 الفاظ پر مشتمل ہو

d)	گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

سرگرمی نمبر 19:

مقصد: سننے، پڑھنے اور لکھنے کی مشق

Unit-6 (Animals and Pets)

A)	Resource person جانوروں کی تصاویر سکھا کر نام انگریزی میں بولے گا

B)	تصاویر کی جانب اشارہ کر کے شرکاء کو نام بولنے کو کہا جائیگا

c)	شرکاء کو ان تمام جانوروں کے نام چار لائن والی کاپی پر لکھنے کو کہا جائیگا۔ لکھنے کے دوران اگر شرکاء غلطی کریں تو انکی رہنمائی کی جائیگی

شرکاء کا کام انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا

d)	اجتماعی غلطیاں بورڈ پر لکھ کر انکی اصلاح کی جائیگی

سرگرمی نمبر 20: Unit-7

آمادگی: شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ 10-1 تک گنتی Counting کریں

A)	Resource person صفحہ نمبر 44 20-11 تک گنتی بولے گا

B)	شرکاء کو اپنے ساتھ شامل کر کے بولے گا

C)	اب شرکاء سے باری باری بلوائے گا

d)	بولنے کی مشق ہو جانے کے بعد شرکاء کو spelling کے ساتھ بولنے اور پڑھنے کو کہا جائیگا

e)	شرکاء 20-11 تک Words اور Figures دونوں میں چار لائن کی کاپی پر لکھیں گے

f)	Resource person کام کے دوران (لکھنے کے دوران) شرکاء کی رہنمائی کریں گے

h)	شرکاء کو 20-1 تک لکھنے کو کہا جائیگا (گھر کا کام)

سرگرمی نمبر 21: Assessment Activity

A)	صفحہ نمبر 45 شرکاء انفرادی طور کام کریں

B)	صفحہ نمبر 46 اور 47 بھی جانچ کی سرگرمی ہے۔ جس میں شرکاء چیزیں گن کر گنتی کو الفاظ میں لکھیں گے۔ یہ کام

چارلائن کی کاپیوں پر کروایا جائیگا۔

C) شرکاء کا کام انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا

سرگرمی نمبر22: Rhyme Singing

1) شرکاء اور Resource person ملکر ترنم کے ساتھ صفحہ نمبر پر دی گئی نظم گائیں گے (ایکشن کے ساتھ)

2) نظم کی Reading

سرگرمی نمبر23: کسی جگہ کے بارے میں چند جملے انگریزی میں بولنا اور لکھنا

آمادگی: شرکاء کورس کے سامنے Resource person، کمرہ جماعت کے بارے میں چند جملے بولے گا۔ شرکاء غور سے سنیں گے

1. This is my classroom. 2. It is a big classroom.

3. It is decorated with A.V Aids. 4. These are two resource person in the class.

5. They are good teachers. 6.They teach with love.

7. They are very nice to the student. etc

B) شرکاء سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے اپنے سکول کے بارے میں چند جملے بولیں۔ (انفرادی کام)

c) شرکاء کو باری باری موقع دیا جائیگا کہ وہ "My school" کا سبق پڑھیں۔ (صفحہ نمبر 49)

d) شرکاء کو انفرادی طور پر اپنے سکول کے بارے میں چند جملے لکھنے کو کہا جائیگا

e) نئی (Vocabulary) بورڈ پر لکھ کرائے جملوں میں استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی

f) صفحہ نمبر 50 کی مشق "Write the missing letters" کرائی جائیگی

سرگرمی نمبر24: Listen and Read

A) Resource person صفحہ نمبر 52 کی ماڈل ریڈنگ پیش کرے گا

B) شرکاء کی جانب سے Reading جملوں کی درست ادائیگی پر خاص توجہ دی جائے گی

c) صفحہ نمبر 53 کی مشق خالی جگہ پر کرنا

d) شرکاء کا کام چیک کیا جائے گا۔ غلطیوں کی اصلاح کی جائیگی

سرگرمی نمبر 25:

مقصد: حضورﷺ کے بارے میں بنیادی معلومات انگریزی میں پڑھنا اور لکھنا

A) شرکاء کو صفحہ نمبر 55 خاموشی سے اور غور سے پڑھنے کو کہا جائے گا

B) شرکاء کو صفحہ نمبر 56 اور 57 پر خالی جگہ پر کرنے کو کہا جائیگا

c) شرکاء کا کام انفرادی طور پر چیک کیا جائیگا یا یہ کام گروپ میں بھی دیا جا سکتا ہے۔ گروپس میں کام کرنے کے بعد ہر گروپ کی جانب سے کام کی پیشکش

سرگرمی نمبر 26: صفحہ نمبر 60 Going Shopping

سرگرمی نمبر 1: پہلے خط کشیدہ الفاظ تختہ سیاہ پر لکھ کر درست تلفظ کیساتھ بولنے کی مشق کروائی جائیگی اور معنی بھی بتائے جائیں گے

I go to the Market

I go to the big shop

I buy a piece of cake

I bring home some fruits

I pay money to the shopkeeper

I count the change

I put the things in a basket

I come back soon

سرگرمی نمبر 2: Role Playing

Resource person صفحہ نمبر 60 پر دیے گئے Dialogues یوں بولے گا اور شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ غور سے سنیں

سرگرمی نمبر 3: پھر یہی عمل شرکائے کورس باری باری دہرائیں گے

سرگرمی نمبر 27:

مقصد: Dialouge بولنا

(A Resource personدرج ذیل Role play,Dialogues کر کے دکھائیں گے

A: Please show me a book

B: Here it is.

A: Is this a story book?

B: No it is text book

A: Please give me a story book.

B: This is a story book.

A: What is the price?

B: It's price is Rs. 25/-

A: Thankyou

B: Good bye and Thank you.

سرگرمی نمبر 28: صفحہ نمبر 61 Dialogue

: 1. پڑھنے کی مہارت میں پختگی پیدا کرنا

2. زبانی چند Dailogue بولنا

(A شرکاء کو خاموشی سے صفحہ نمبر پڑھنے کو کہا جائیگا

(B نئے الفاظ بورڈ پر لکھ کر انکی مشق کرائی جائے گی

(c شرکاء کے جوڑے بنائے جائیں گے اور پھر انھیں کتاب کے ڈائیلوگ بولنے کو کہا جائیگا۔ زبانی Dialogue بولنے والے جوڑوں کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

سرگرمی نمبر 29: Name the things in a shop

مقصد: مشاہدہ اور بولنے کی صلاحیت کو تقویت دینا

(A صفحہ نمبر پر ایک دکان کی تصویر ہے۔ شرکاء دکان میں رکھی ہوئی چند چیزوں کے نام انگریزی میں بولیں گے

(B شرکاء گروپس میں کام کریں گے۔ فلپ چارٹ پر دکان میں موجود اشیا کے نام لکھیں گے۔

(c شرکاء اپنا اپنا کام پیش کریں گے

) مکمل اور درست لسٹ بنانے والے گروپ کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

سرگرمی نمبر30: سوال و جواب کی مشق

A) شرکاء میں سے کسی ایک کو سامنے بلا کر درج ذیل سوال پوچھے گا۔ یہ امید کی جائیگی کہ وہ جواباً انگریزی میں دیں گی

1. کتاب کی جانب اشارہ کر کے What is this?

2. چارٹ کی جانب اشارہ کر کے What is that?

3. کی جانب اشارہ کر کے What is that?

4. میز کی جانب اشارہ کر کے What is this?

یہی سرگرمی سرگرمی چند اور شرکاء کے ساتھ کی جائے گی

B) شرکاء کو صفحہ نمبر 63 کی مشق اپنی کاپیوں پر لکھ کر مکمل کرنے کو کہا جائیگا

خالی جگہ پر تصاویر کے نام لکھنے ہوں گے

سرگرمی نمبر31: Rhyme Singing

شرکاء اور Resource person ملکر ترنم کیساتھ صفحہ نمبر 64 کی نظم گائیں گے

سرگرمی نمبر32: صفحہ نمبر 65 شرکاء خود کریں گے

Match words with Picture

سرگرمی نمبر 33: صفحہ نمبر 66 Reading skill development

A) شرکاء خاموش مطالعہ کریں گے

B) شرکاء کو اپنے سکولوں میں کھیلے جانے والے کسی ایک کھیل کے بارے میں انگریزی میں چند جملے لکھیں

c) کام کی پڑتال

سرگرمی نمبر34:

A) شرکاء سے کہا جائے گا کہ کتاب میں سے کسی ایک سبق کی منصوبہ بندی کریں جس میں پڑھنے اور لکھنے کی دونوں سرگرمیاں کرائی جائیں

B) چند شرکاء کو سبق پیش کرنے کے لیے کہا جائے گا

C) پیش کردہ اسباق پر بحث۔ منفی/مثبت پہلوؤں کی نشاندہی

ریاضی (جمع کا نشان +) (تفریق کا نشان -)

اکائی اور دہائی کی جمع اور تفریق کی دہرائی

جمع اور تفریق کا تصور کسی حد تک واضح ہے لیکن اگر جمع اور تفریق کی مشق مختلف زاویوں/انداز سے کرائی جائے تو بچوں کو رٹنے کی بجائے سوچنے پر آمادہ کیا جا سکتا ہے۔ ایسی مشقیں کرائی جائیں جن کا اطلاق وہ روزمرہ زندگی میں آسانی سے کرنے کے قابل ہو جائے۔

درج ذیل جمع اور تفریق کی سرگرمیاں بچوں کو سوچنے پر مجبور کرتی ہیں۔ انکی جمع اور تفریق کرنے کی صلاحیتوں کی نشوونما ہوتی ہے

مثلاً

15+14=

14+15=

15	14
+ 14	+ 15

5. عبارتی انداز میں: میں کل بازار گئی۔ ایک دکان سے میں نے 14 سیب خریدے دوسری دکان سے 15 سیب خریدے۔ بتاؤ میں نے کل کتنے سیب خریدے؟


6. ایک اور مثال ملاحظہ کریں

14
+15

1 4+ 1 5=

7. ایک اور مثال مختلف انداز میں

14 + 15 =



14 + 15 =

سرگرمی نمبر 2: گروپ ورک — وقت منٹ

A) شرکاء کو گروپس میں تقسیم کیا جائیگا۔ تمام گروپس مل جل کر درج بالا طریقوں کے مطابق درج ذیل اعداد کو جمع کرنے کی سرگرمیاں تیار کریں۔

①	②	③	④	⑤
(30 + 7)	(40 + 5)	(50 + 3)	(60 + 4)	(70 + 6)

B) گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش


C) کام پیش کرنے کے بعد سوال و جواب اور بحث و مباحثہ کا سیشن

سرگرمی نمبر 3: درج ذیل خالی جگہ پر صحیح اعداد لکھیں

21	20	33	75	34	80
+ 20	+	+	+	+	+15
	45	55	97	78	

سرگرمی نمبر 4: تفریق منفی کا اعادہ — تفریق کا نشان = -


a)



6

-3

(b)



16 - 10 =

سرگرمی نمبر 5: درج ذیل اعداد کو تفریق کریں

29 − 13	86 − 32	45 − 35	67 − 36
66 − 33	59 − 36	46 − 23	48 − 16

عبارتی سوال: میرے پاس 25 روپے تھے میں بازار گئی۔ دس روپے کے بسکٹ خریدے۔

25 روپے کی سبزی خریدی۔ بتاؤ میرے پاس کتنے روپے باقی بچے

سرگرمی نمبر 6: درج ذیل مثالوں کو غور سے دیکھیں اور حل کریں

58	
32	26
32+26 =	
26+32 =	
58-32 =	
58-26 =	

37	
21	16
☐ +16 =	
16 + ☐ =	
☐ -16 =	
37- ☐ =	

44	
23	21
☐ + 21 =	
☐ + ☐ = ☐	
44-23 = 21	
☐ ☐ = ☐	

70	
30	40
+ =	
+ =	
− =	
− =	

65	
41	24
+ =	
+ =	
− =	
− =	

سرگرمی نمبر 7: گروپ ورک وقت منٹ

گروپس سے کہا جائیگا کہ وہ درج ذیل اعداد کو مندرجہ بالا طریقوں کے مطابق تیار کریں

75, 83, 96, 55, 47

سرگرمی نمبر 8: جمع کریں (انفرادی سرگرمی)

(a)

+2								
	30	32			38		42	

(b)

−3								
	99		93		87		81	

سرگرمی نمبر 9: شرکاء گروپس میں درج ذیل اعداد کو سرگرمی نمبر کے مطابق تیار کریں گے

-4 , +6

سرگرمی نمبر 10: درج ذیل اشکال کے مطابق اعداد لکھیں

(Place value) - (مقامی قیمت)

اکائی دہائی =

اکائی دہائی =

اکائی دہائی =

اکائی دہائی =

=32

=

=

=

سرگرمی نمبر 11: دس اکائیاں = ایک دہائی، دس دہائیاں = ایک سینکڑہ اور دس سینکڑے = ایک ہزار

اوپر دیئے گئے بیان کو یوں بھی لکھ سکتے ہیں

- 1 سے 9 تک کے اعداد ایک عددی ہندسہ کہلاتے ہیں
- 10 سے 99 تک کے اعداد دو عددی ہندسے کہلاتے ہیں
- 100 سے 999 تک کے اعداد تین عددی ہندسہ کہلاتے ہیں
- 1000 سے 9999 تک کے اعداد چار عددی ہندسہ کہلاتے ہیں

اعداد کی مقامی قیمت			
اکائی	دہائی	سینکڑہ	ہزار

1000	100	10	1
سے	سے	سے	سے
9999	999	99	9

مشق نمبر 1: درج ذیل اعداد پڑھیں اور لکھیں (مقامی قیمت)

اکائی دہائی سینکڑہ

(a) - 250 →

-390 →

- 420—

- 560—

- 775 —

- 982 —

مشق نمبر 2:

اکائی دہائی سینکڑہ ہزار

(b)

4320 →

5936 →

7823 →

8455 →

6963 →

سرگرمی نمبر 12: درج ذیل اعداد لکھیں

تین سینکڑے چھ دہائیاں اور پانچ اکائیاں=

سات سینکڑے دو دہائیاں اور صفر اکائی=

پانچ سینکڑے سات دہائیاں اور تین اکائیاں=

دو سینکڑے ایک دہائی اور نو اکائیاں=

چار سینکڑے سات دہائیاں اور چار اکائیاں=

سرگرمی نمبر 13: درسی کتاب جماعت دوم صفحہ نمبر 15 تا 21 تک لکھنے کی مشق

سرگرمی نمبر 14: مقامی قیمت لکھنے کی مشق صفحہ نمبر 22 تا 31

سرگرمی نمبر 15: نزولی اور صعودی ترتیب کے مطابق گنتی لکھنا

درسی کتاب جماعت دوم صفحہ نمبر 32 تا 36 کی مشق

سرگرمی نمبر 16: دو ہندسی اعداد کی بلا حاصل جمع کی دہرائی

صفحہ نمبر 40 تا 44 تک کی مشق

سرگرمی نمبر 17: دو ہندسی اعداد کی با حاصل جمع

مثال

دہائی	اکائی
2	7
+ 4	7

دہائی	اکائی
7	2
+ 1	9

دہائی	اکائی
6	6
+ 2	6

دہائی	اکائی
(1) 4	8
+ 3	5
8	3

یاد رکھیں! جمع کرتے وقت اکائیاں پہلے جمع کریں اور دہائیاں بعد میں

سرگرمی نمبر 18: دو ہندسی اعداد کی با حاصل جمع کی مشق

مثال:

$76 + 57 \longrightarrow$

```
 (1)
  76
+ 57
----
 133
```

(A)

a) $89 + 93 \longrightarrow$ 89 + □

b) $74 + 67 \longrightarrow$ □ + □

(B)

42 اور 35 کا مجموعہ معلوم کریں

72+51 کا مجموعہ معلوم کریں

34+85 کو جمع کریں

پروین کے پاس 51 گولیاں ہیں

اور نسرین کے پاس 65 گولیاں ہیں

بتاؤ، دونوں کے پاس کل کتنی گولیاں ہیں؟

رابعہ کے پاس 67 سکے ہیں

نوشابہ کے پاس 30 سکے ہیں

دونوں کے پاس کتنے سکے ہیں؟

c) 99 + 87 →

d) 74 + 54 →

e) 46 + 98 →

تین ہندسی اعداد کی حاصل جمع

سرگرمی نمبر 19: مثال

سینکڑہ	دہائی	اکائی
3	0	6
4	0	7
7	1	3

درج ذیل کو جمع کریں

606	509	408	809
+305	+401	+307	+104

عبارتی سوال: رشیدہ ایک دن میں کتاب کے صفحے پڑھ لیتی ہے اسکی بہن ایک دن میں صفحے پڑھ لیتی ہے۔ بتاؤ دونوں ایک دن میں کتنے صفحے پڑھ لیتی ہیں؟

نوٹ: اس بات کا خاص خیال رکھیں! اعداد جمع کرتے وقت پہلے اکائیاں جمع کریں۔ اکائیوں کا حاصل دہائیوں میں ڈال کر پھر دہائیاں جمع کریں اور دہائیوں کا حاصل سینکڑوں میں ڈال کر پھر سینکڑے جمع کریں۔

مثال

1 2 3

①	②	③
①	①①	①①
267	267	267
+296	+296	+296
3	63	563

سرگرمی نمبر 20: درج ذیل کو بالا مثال کے مطابق حل کریں۔

326	538	426	429
+ 219	+ 316	+ 127	+ 248
~~+ 219~~	~~+ 316~~	~~+ 127~~	~~+ 248~~

سرگرمی نمبر 21: درسی کتاب کا صفحہ نمبر 47 کی مشق

سرگرمی نمبر 22: جمع کر کے صحیح جواب کا انتخاب کریں

ایک سکول میں 235 لڑکے اور 300 لڑکیاں پڑھتی ہیں۔ بتائیں کل ملا کر کتنے طالب علم ہوئے

(717, 725, 535)

ایک دکاندار نے پیر کے دن 605 نان فروخت کیے۔ منگل کے دن اس نے 120 نان فروخت کیے۔ بتاؤ اس نے دو دن میں کل کتنے نان فروخت کیے

(609, 619, 725)

<u>اعداد کی تفریق</u>

سرگرمی نمبر 23: ایک ہندسی بلا حاصل تفریق (اعادہ)

(کتاب کی مشقیں) صفحہ نمبر 49

سرگرمی نمبر 24: دو ہندسی اعداد کی بلا حاصل تفریق

کتاب کی مشقیں صفحہ نمبر 50

سرگرمی نمبر 25: تین ہندسی اعداد کی بلا حاصل تفریق

کتاب کی مشقیں صفحہ نمبر 51

ادھار / حاصل لے کر تفریق کرنا

مثال:

②⑫ 32 − 07 = 25	12 32 − 07 = 5	32 − 7 = ___

سرگرمی نمبر 26: درج ذیل کو حل کریں

1) 77 − 8 = ___ 77 − 08 = ___ 77 − 08 = ___

2) 63 − 38 = ___ 63 − 38 = ___ 63 − 38 = ___

3) 43 − 26 = ___ 43 − 26 = ___ 43 − 26 = ___

سرگرمی نمبر 27: تین ہندسی اعداد کی تفریق (بلا حاصل)

975 − 664 = ___ 975 − 664 = ___ 975 − 664 = ___ 975 − 664 = ___

سرگرمی نمبر 28: تین ہندسی اعداد کی تفریق کی باحاصل تفریق

مثال:

⑦⑯ 486 − 257 = 229	⑦⑯ 486 − 257 = 29	⑯ 486 − 257 = 9	486 − 257 = ___

مشقیں: درج بالا طریقے کے مطابق درج ذیل کو تفریق کریں

600 − 324 = ___ 900 − 251 = ___ 628 − 153 = ___ 999 − 257 = ___

921 − 478 = ___ 683 − 207 = ___ 650 − 171 = ___ 754 − 169 = ___

عبارتی سوال نمبر 1:	درج ذیل چارٹ کے مطابق ایک دکان میں فروخت ہونے والے بسکٹوں کی تعداد درج ذیل ہے

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات
365	480	308	250	216

الف) اتوار کے مقابلے میں پیر کے دن کتنے زیادہ بسکٹ فروخت ہوئے؟

ب) پیر اور منگل کے دن کل کتنے بسکٹ فروخت ہوئے؟

ج) جمعرات کے مقابلے میں بدھ کے دن کتنے زیادہ بسکٹ فروخت ہوئے؟

د) اتوار کے مقابلے میں جمعرات کے دن کتنے کم بسکٹ فروخت ہوئے؟

سوال نمبر 2:

پرویز کے پاس سیب تھے۔ اس نے سیب فروخت کیے۔ بتاؤ اس کے پاس کل کتنے سیب بچ گئے؟

سوال نمبر 3:

گل بی بی کے پاس 975 کتابیں تھیں۔ اس نے 556 کتابیں طالب علموں میں تقسیم کیں۔ بتائیں کتنی کتابیں رہ گئیں؟

سوال نمبر 4:

کمیونیٹی پرائمری سکول میں 580 طالبات تھیں۔ 465 طالبات نے گذشتہ سال ریاضی کے ٹیسٹ میں 80 سے زیادہ حاصل کیے۔ بتایئے کتنے طالبات نے 80 سے کم نمبر حاصل کیے؟

سرگرمی نمبر 29:

A) شرکاء کو گروپس میں تفریق کے عبارتی سوالات تیار کرنے کو کہا جائے گا (کم از کم 5 عبارتی سوال)

B) گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

c) پیش کردہ کام پر سوال و جواب / بحث و مباحثہ

d) اچھے سوالات تیار کرنے والے گروپس کی حوصلہ افزائی

اعداد کی ضرب

درج ذیل مثال کو غور سے دیکھیں

2 + 2 + 2= 6


عدد "2" کو تین بار جمع کرنے سے "6" حاصل ہوا۔اعداد کی مسلسل جمع ضرب بن جاتی ہے

ضرب کے قاعدے سے اوپر کی مثال کو یوں لکھیں گے   2 X3= 6

مثال نمبر 1:

(☆☆☆☆☆☆)	(☆☆+☆☆)	(☆☆)
2 + 2 + 2	(2) + (2)	(1)
دو تین مرتبہ	دو، دو مرتبہ	دو ایک مرتبہ
2 X 3 = 6	2 X 2 = 4	2 X 1 = 2

مثال نمبر 2:


(1)

(2)

(3)

(4)

(5)

______ + ______ + ______ + ______ + ______ = ______

2 X 5 =10

5 X 2 =10

مشق نمبر 1:


(1)

(2)

(3)

(4)

(5)

(6)


______ X ______ = 12

______ X ______ = ______

________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________

مشق نمبر 2:





(1) (2) (3) (4) (5) (6) (7)

________ X ________ = ________

________ X ________ = ________

مشق نمبر 3:







________ x ________ = ________

________ x ________ = ________

مشق نمبر 4:






________ x ________ = ________

________ x ________ = ________

مشق نمبر 5:






________ x ________ = ________

________ x ________ = ________

عبارتی مشق نمبر 6: اعداد لکھیں (ضرب)

۔ درج ذیل میں ________ سائیکلیں ہیں

۔ ہر سائیکل کے ________ پہیے ہیں



کل ______ پیسے ہیں

مشق نمبر 7: درج ذیل کو ضرب دیں

2 X 2 = ________

3 X 2 = ________

4 X 2 = ________

5 X 2 = ________

6 X 2 = ________

7 X 2 = ________

8 X 2 = ________

9 X2 = ________

10 X 2 =________







مثال:

3 X 1 = 3

3 X 2 = 6

3 X 3 = 9

مشق نمبر 1: 3 جمع کر کے خالی جگہ پر کریں

3		9			18			27	

مشق نمبر 2: ضرب دے کر صحیح جواب کا انتخاب کریں

3 + 3 + 3 + 3 + 3 + 3 + 3 + 3 + 3

(15, 21, 27, 24)

9 X 3 =

مثال:



4 X 2 = 8

مشق نمبر 1: ضرب دیں

4 + 4 + 4 + 4 + 4

_______ X ______ =

_______ X ______ =

مشق نمبر2:   ضرب دیں

4 X 3 =

4 X5 =

4 X 7 =

4 X 9 =

4 X 10 =

مشق نمبر3:   اعداد لکھیں



_______ + _______ =

_______ X _______ =

_______ X _______ =

مشق نمبر4:   جمع کر کے خالی جگہ پر کریں

+5	5		15			30		40		50

مشق نمبر5:   ضرب دے کر صحیح کا انتخاب کریں

5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5 + 5

(40, 30, 45, 35)

_______ X _______ =

_______ X _______ =

~~مشق نمبر6: [illegible]~~

مشق نمبر 6 جوڑ ملائیں

5 X 2	40
5 X 5	50
5 X3	35
8 X 5	25
7 X 5	10
10 X 5	15

گروپ ورک: شرکاء سے کہا جائے گا کہ وہ درسی کتاب صفحہ نمبر 59 - 66 کی مشق کریں اور چندنئی سرگرمیاں ازخود تیار کریں

تقسیم کی علامت ہے ÷

تقسیم مسلسل تفریق کا عمل ہے یا یہ ضرب کا الٹا عمل ہے


سرگرمی نمبر 1:



چھ سیب ہیں اور انھیں دو بچوں میں تقسیم کرنا ہے÷ بانٹنا ہے

استاد بچوں سے پوچھے سیبوں کی تعداد کتنی ہے؟ "6" سیب

بچے کتنے ہیں؟ "2" بچے



اب استاد دونوں کو سامنے بلائے اور انھیں ایک ایک سیب دے

بچو! اب کتنے سیب باقی رہ گئے "4"

ایک بچے سے کہا جائے کہ دونوں کو ایک ایک اور سیب دے۔

اب کتنے سیب باقی رہ گئے "2"

پھر کسی اور بچے سے کہا جائے کہ ان بچوں کو ایک ایک اور سیب دے

اب کتنے سیب رہ گئے " کوئی نہیں"

۔ ہر بچے کو کتنے سیب ملے؟ "3"

۔ تین تین سیب بچوں کو ملے "2"

۔ سیب کتنے بچوں میں تقسیم ہوئے "2"

سرگرمی نمبر 2:

اب اسی طرح کی ایک اور سرگرمی کروائی جائے۔ بچوں سے کہا جائے کہ چیزیں کتنی بار تقسیم کی جائیں کہ تمام ختم ہو جائیں۔ لفظ کتنی بار پر زور دینا ہے۔

سرگرمی نمبر 3:

چھ پنسلیں ہیں۔ انھیں دو بچوں میں تقسیم کرنا ہے

استاد: بچو! کل کتنی پنسلیں ہیں؟ "6" پنسلیں

استاد: بچے کتنے ہیں؟ "2" بچے

۔ اب استاد دونوں بچوں کو سامنے بلائے۔ انھیں ایک ایک پنسل پکڑا دے

استاد: بچو! اب کتنی پنسلیں باقی رہ گئیں

۔ اب استاد ایک بچے سے کہے کہ دونوں بچوں کو ایک ایک اور پنسل دے

استاد: اب کتنی پنسلیں باقی رہ گئیں "2"

۔ اب استاد ایک اور بچے کو بلا کر کہے کہ ان بچوں کو ایک ایک پنسل اور دے

استاد: بچو! اب کتنی پنسلیں رہ گئیں " کوئی نہیں"

استاد: بچوں کو کتنی بار پنسلیں تقسیم کی گئیں "تین بار"

کل کتنی پنسلیں تھیں "6"

پہلی بار تقسیم کیئے 2 -

دوسری بار تقسیم کیئے 4

-2

2

-2

0

تنی پنسلیں رہ گئیں " کوئی نہیں"

ہر بچے کو کتنی پنسلیں ملی "3"

تین پنسلیں کتنے بچوں کو ملیں "2"

چھ تقسیم دو برابر ہے "تین" 6 = 3÷2

دیکھیں! اگر 3 کو 2 سے ضرب دیں 6 = 2 X 3 تو معلوم ہوا تقسیم ضرب کا الٹ ہے

چونکہ پنسلیں ہم نے تین بار تقسیم کیں اور ہر مرتبہ تقسیم کرنے کے بعد پنسلوں کو تفریق منفی کرتے گئے۔ گویا عمل تفریق منفی کا عمل تقسیم کہلاتا ہے۔ مدرس تختہ سیاہ پر اس سرگرمی (عمل) کو اسطرح لکھے

کل کتنی پنسلیں تھیں "6"

پہلی بار - 2

باقی 4

دوسری بار -2

باقی 2

تیسری بار -2

باقی 0

کسی عدد کو دوسرے عدد سے بار بار تفریق کرنے کا مختصر عمل تقسیم ہے اس عمل کو علامتی طور پر اس طرح لکھتے ہیں

6÷2=3

نوٹ: تقسیم میں ضرب کے پہاڑے بڑے کارآمد ثابت ہوتے ہیں اس لیے اساتذہ بچوں کو پہاڑے خوب اچھی طرح یاد کروائیں۔ خصوصاً کٹواں پہاڑے یاد کرنے سے تقسیم کا عمل بچوں کیلیے آسان ہو جاتا ہے

ہدایت: مدرس 2 کا پہاڑہ اچھی طرح سے بچوں کو یاد کروائے اور پھر درج ذیل کام بچوں سے کروائے

سرگرمی نمبر 4: مدرس 20 گولیاں بچوں میں برابر تقسیم کرے اور تختہ سیاہ پر اس طرح لکھیں =20÷5 5÷20=

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ تقسیم میں ضرب کے پہاڑے بہت مفید ثابت ہوتے ہیں اس سوال میں بھی 5 کا پہاڑا 20 تک پڑھیں گے۔ مدرس کسی بچے کو 5 کا پہاڑا اس طرح پڑھنے کو کہے

5 X 1 = 5

5 X 2 = 10

5 X 3 = 15

5 X 4 = 20

پھر مدرس تختہ سیاہ پر بتائے کہ تقسیم، ضرب کا الٹ عمل ہے

5 X 4 = 20

اسے ہم عام طور پر اسطرح لکھتے ہیں اور حل کرتے ہیں

(1) 20÷5= (ii) 5) 20 (4
20
00

سرگرمی نمبر 5: مدرس 24 گولیاں ایک بچے کو دے اور اسے کہے کہ انھیں 6 بچوں میں برابر تقسیم کرے۔ بچے نے بار بار 6 بچوں کو ایک ایک گولی دی اور مدرس اس کے اس عمل کو تختہ سیاہ پر یوں لکھتا جائے۔ اور بچوں سے بار بار سوال پوچھے

1. کل کتنی گولیاں تھیں؟ "24"
2. کتنے بچوں میں تقسیم کیں؟ "6"
3. کتنی بار گولیاں دیں؟ "4"
4. ہر بچے کو کتنی گولیاں ملیں؟ "4"
5. "24" کو "6" پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوا؟ "4"
6. 6 کا پہاڑا کتنی بار پڑھیں کہ 24 ="4" تک پہنچ جائیں

7. 4 کا پہاڑا کتنی بار پڑھیں کہ 24 تک پہنچ جائیں

- مدرس بچوں کو ایک بار پھر بتائے کہ بار بار تفریق کرنے کی بجائے اس عدد کا پہاڑا پڑھنے سے تقسیم کا سوال جلد حل ہو جاتا ہے

مدرس تختہ سیاہ پر سوال اسطرح حل کرے

6) 24 (4
24
00

- مدرس پہلے کسی بھی عدد کا پہاڑا یاد کروائے اور پھر مختلف انداز کی سرگرمیاں کروائے تا کہ بچوں کی اچھی طرح مشق ہو

سرگرمی نمبر 6: مثال 15 ÷ 3 =


درج ذیل سوال دی گئی مثال کے مطابق حل کریں

1. 27 ÷ 3
2. 32 ÷ 4
3. 40 ÷ 5
4. 28 ÷ 6
5. 28 ÷ 7

کسور

درسی کتاب صفحہ نمبر 37 - 39 کی مشق

جائزہ کی مشقیں: کسروں کو اشکال کے مطابق ملائیں



پیمائش

علومات برائے اساتذہ:

ہمیں روزمرہ زندگی میں مختلف چیزوں کی پیمائش سے واسطہ پڑتا ہے۔کبھی کسی کی لمبائی ناپی ہوتی ہے تو کبھی کسی چیز کا وزن کرنا ہوتا ہے۔اور کبھی یہ اندازہ اکرنا ہوتا ہے کہ اس برتن میں کسی چیز آئے گی۔ان چیزوں کوناپنے کیلیے مختلف اکائیاں استعمال کی جاتی ہیں

1. **لمبائی کی پیمائش:** اگر ہم نے کوئی کپڑا ناپنا ہو۔کسی کمرے یا میدان کی لمبائی یا چوڑائی معلوم کرنی ہو تو اس کیلیے پیمانہ "میٹر" کا استعمال کرتے ہیں۔لمبائی کی بنیادی اکائی "میٹر" ہے۔

2. **کمیت کی پیمائش:** ٹھوس چیزیں مثلاً فروٹ،سبزیاں،دالیں وغیرہ کی پیمائش ایک کلوگرام،دوکلوگرام،تین کلو گرام کے باٹوں سے کی جاسکتی ہیں۔ٹھوس اشیا کی پیمائش کی بنیادی اکائی گرام ہے۔کمیت کو عام بول چال میں وزن کہتے ہیں جوکہ سائنسی نقطہ نظر سے غلط ہے۔وزن وہ قوت ہے جس سے زمین کسی چیز کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے جبکہ کمیت کسی چیز میں مادہ کی مقدار کو کہتے ہیں

تدریسی مشورے: اساتذہ بچوں کو ترازو اور باٹ دکھائیں اور ان کا استعمال کروائیں۔

حجم / گنجائش کی پیمائش: مائع چیزوں مثلاً دودھ،پیٹرول،تیل اور گھی وغیرہ کی پیمائش کی بنیادی اکائی لیٹر ہے

تدریسی صفحہ نمبر 75-85 کی تمام مشقیں کروائی جائیں

پاکستانی کرنسی درسی کتاب کی مشقیں صفحہ نمبر 86-91

تدریسی مشورے: اساتذہ جدید نوٹ (زیرِ استعمال) دکھاکر سرگرمیاں کروائے

- سکہ: زرجو ملک میں چلے سکے دھات کے بنے ہوتے ہیں
- نوٹ: کاغذی سکے ہوتے ہیں

سرگرمی (مدرس مختلف پاکستانی نوٹ میز پر رکھ کر باری باری بچوں سے اٹھانے کو کہے۔اور انکی عددی قیمت

سرگرمی نمبر1: مدرس پاکستانی سکے اور چند نوٹ کافی تعداد میں میز پر رکھے بچوں کو گروپ میں بلا کر 5 روپے کا سکہ اٹھانے کو کہے۔ جب بچہ 5 روپے کا سکہ صحیح اٹھالے تو مدرس اسکی عددی قیمت بورڈ پر لکھنے کو کہے۔ یہ سرگرمی باری باری بچوں سے کروائی جائے۔ بوقت ضرورت مدرس بچوں کی رہنمائی کرے۔

سرگرمی نمبر2: مدرس پاکستانی نوٹ بچوں کو دکھاتے ہوئے بتائے کہ یہ مختلف رنگ اور سائز کے ہوتے ہیں مثلاً دس روپے، بیس روپے، پچاس روپے اور سو روپے والے نوٹ۔ بچوں کو دکھائے اور بچے دیکھیں کہ سو روپے کا نوٹ سائز میں بڑا اور دس روپے کا نوٹ سائز میں چھوٹا ہوتا ہے۔ سو روپے کے نوٹ کا رنگ سرخ اور دس روپے کے نوٹ کا رنگ ہلکا سبز ہوتا ہے۔ مدرس اسی طرح رنگ اور سائز کے لحاظ سے نوٹوں کا فرق واضح کرنے کے لیے سرگرمیاں کروائے تاکہ بچے پاکستانی نوٹوں کو پہچان جائیں۔

سرگرمی نمبر3: مدرس بچوں کو یہ بھی بتائے کہ تمام بڑے نوٹوں کے ایک طرف (سیدھے رخ) قائداعظم کی تصویر اور دوسرے رخ (الٹے رخ) پاکستان کے کسی مشہور مقام کی تصویر بنی ہوتی ہے۔ نوٹوں کے کونوں کے دونوں طرف قیمت لکھی ہوتی ہے مدرس باری باری تمام نوٹوں کے دونوں اطراف دکھائے۔

سیدھا رخ	الٹا رخ
دس روپے کا نوٹ	
بیس روپے کا نوٹ	
پچاس روپے کا نوٹ	
سو روپے کا نوٹ	

<u>جائزہ کی سرگرمی نمبر1:</u>

مدرس باری باری بچوں کو بلائے۔ ڈبے میں رکھے ہوئے نوٹوں میں سے دس روپے کا نوٹ نکالنے کو کہے۔ اگر بچہ صحیح نوٹ نہ نکال سکے تو یہ مدرس بچے کی رہنمائی کرے۔ اسی طرح مختلف قیمت والے نوٹوں کے بارے میں بچوں سے یہی سرگرمی کروائے اور بوقت ضروت انکی رہنمائی کرے۔

<u>نوٹوں کا عملی استعمال:</u> مدرس کمرہ جماعت میں عملی طور پر بڑی قیمت کے پاکستانی نوٹوں کی چھوٹی قیمت کے پاکستانی نوٹوں میں تبدیلی کی سرگرمی کروائے تاکہ بچوں کو پتہ چل جائے کہ دس روپے کے نوٹ میں کتنے روپے ہوتے ہیں (مدرس اکائی اور دہائی کے تصور کی مدد سے یہ سرگرمی کروائے)

10 پاکستانی سکے جنکی تعداد ہے = دس روپے کا ایک نوٹ

جائزہ کی سرگرمی نمبر 2:

مدرس کمرہ جماعت میں میز پر چند چیزیں رکھے اور انکی قیمت مقرر کرے۔ مثلاً ربڑ کی قیمت ایک روپیہ، پنسل ایک روپیہ، کتاب کی قیمت دس روپے، کاپی کی قیمت پانچ روپے، دو ٹائیاں ایک روپے میں بسکٹ کا چھوٹا پیکٹ پانچ روپے میں۔

پھر ایک بچہ دکاندار بن جائے۔ باقی بچے گاہک بن جائیں۔ بچے کھیل کھیل میں لین دین کریں

۔ ایک گاہک بچے نے دکاندار کو دس روپے دے کر پانچ روپے کی کاپی خریدی۔ دکاندار اسے کتنے روپے واپس کریگا

۔ اسی طرح مخ تلف بچوں کو دکاندار بنا کر سرگرمیاں کروائی جائے تو بچے کھیل ہی کھیل میں کافی کچھ سیکھ جائیں گے۔

ان بچوں کو کام کرنے کا زیادہ موقع دیا جائے جو نسبتاً شرمیلے ہوتے ہیں کرنسی کا استعمال کم جانتے ہیں

بتایئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

۔ 10 روپے کے نوٹ کے بدلے میں کتنے ایک روپے والے سکے ملیں گے؟ ____________

۔ 10 روپے کے نوٹ کے بدلے میں پانچ روپے والے کتنے سکے ملیں گے؟ ____________

۔ پچاس روپے کے بدلے میں 10 روپے کے کتنے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ پچاس روپے کے بدلے میں 5 روپے کے کتنے سکے ملیں گے؟ ____________

۔ 100 روپے کے نوٹ کے بدلے کتنے 50 روپے کے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 100 روپے کے نوٹ کے بدلے کتنے 20 سکے کے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 100 روپے کے نوٹ کے بدلے کتنے 10 سکے کے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 100 روپے کے نوٹ کے بدلے کتنے 5 سکے کے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 100 روپے کے نوٹ کے بدلے کتنے ایک روپے والے کتنے سکے ملیں گے؟ ____________

۔ 500 روپے کے نوٹ کے بدلے 100 روپے والے کتنے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 500 روپے کے نوٹ کے بدلے 50 روپے والے کتنے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 500 روپے کے نوٹ کے بدلے 20 روپے والے کتنے نوٹ ملیں گے؟ ____________

۔ 500 روپے کے نوٹ کے بدلے 10 روپے والے کتنے نوٹ ملیں گے؟ ____________

سوال نمبر 1:

رشیدہ نے 15 روپے کی کتاب خریدی۔ دکاندار کوبیس روپے کا نوٹ دیا۔ دکاندار رشیدہ کوایک روپے کے کتنے سکے واپس کریگا

سوال نمبر 2:

آپ نے 30 روپے کی کتاب خریدی۔ آپ نے دکاندار کو 10 روپے کے کتنے نوٹ دیں گے


سوال نمبر 3:

احمد نے 100 روپے کی کرسی خریدی۔ اس نے دکاندار کو 500 روپے کا نوٹ دیا۔ دکاندار احمد کو 100 روپے کے کتنے نوٹ واپس کرے گا۔

وقت

آمادگی کے بعد ریسرس پرسن وقت کا تصور دینے کیلیے مندرجہ ذیل سرگرمیاں کروائے گی

سرگرمی نمبر 1: مدرس پلاسٹک / گتے کی بنی ہوئی گھڑی بچوں کو دکھائے اور ایک بچے سے پوچھے



1. بڑی سوئی کس عدد پر ہے؟ 12
2. چھوٹی سوئی کس عدد پر ہے؟ 2
3. اس گھڑی میں کیا وقت ہوا ہے؟ 2 بجے

اگر بچہ درست جواب نہ دے سکے تو مدرس رہنمائی کرے۔


۔ مدرس چھوٹی سوئی 3 عدد پر لے جائے اور بڑی سوئی کا ایک پورا چکر مکمل کرے۔ کسی بچے سے پوچھے

1. چھوٹی سوئی کس عدد پر ہے؟ 3
2. بڑی سوئی کس عدد پر ہے؟ 12
3. کیا بڑی سوئی نے چکر مکمل کر لیا ہے؟ جی ہاں
4. گھڑی میں کیا بجا ہے؟ 3

مدرس بچوں کو بتائے کہ جب بڑی سوئی ایک چکر لگا کر دوبارہ 12 پر آجائے اور چھوٹی سوئی اپنے پہلے والے عدد سے ایک عدد آگے چلی جائے تو گھنٹہ گزر جاتا ہے۔ جیسے پہلے 2 بجے تھا اور اب 3 بج گئے ہیں یعنی ایک گھنٹہ گزر گیا یہ مشق باری

باری بچوں سے کروائی جائے۔

سرگرمی نمبر2: مدرس گھڑی کا ایک ماڈل دکھائے اور بچوں سے باری باری درج ذیل سوال پوچھے



1. گھڑی پر اعداد کہاں تک لکھے ہوئے ہیں؟ "1-12 تک"
2. ایک عدد سے دوسرے عدد تک کتنے نشان لگے ہوئے ہیں؟ "5"
3. ایک پورے چکر میں کل کتنے نشان لگے ہوئے ہیں؟ "60"
4. ایک نشان سے دوسرے نشان تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 1 منٹ
5. ایک عدد سے دوسرے عدد تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 5 منٹ
6. عدد 12 سے تین تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 5+5+5= 15 منٹ
7. عد12 د سے 6 تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 15+15= 30 منٹ
8. عدد 12 سے 9 تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 15+30= 45 منٹ
9. عدد 12 سے 1 چکر مکمل کر کے عدد 12 تک جانے میں بڑی سوئی کو کتنا وقت لگتا ہے؟ 15+45= 60 منٹ

مدرس یہ عمل باری باری گھڑی پر دہرائے تا کہ بچوں کا تصور پختہ ہو جائے

تدریسی مشورے: مدرس گھڑی کی کارکردگی کی مزید وضاحت کیلیے 15+15=30+15=45+15=60 سے بھی کام لی سکتی ہے

دو 15

سرگرمی نمبر3: سوادو بجے یا بج کر منٹ

مدرس سوادو بجے کا وقت ظاہر کر کے بچوں سے سوال پوچھے پوچھے

1. بڑی سوئی کس عدد پر ہے؟ "3"
2. چھوٹی سوئی کس عدد پر ہے؟ "2" سے تھوڑا آگے
3. گھڑی پر کیا وقت ہوا ہے؟ سوادو بجے یا دو بجکر پندرہ منٹ (2:15)

☆ مدرس بچوں کو باری باری بلائے۔ پلاسٹک کی گھڑی پر سوا دو بجے ظاہر کرنے کو کہے۔ مدرس ہر وقت بچوں کی رہنمائی کرے۔

سرگرمی نمبر 4: اب مدرس گتے/ پلاسٹک کی گھڑی پر ساڑھے سات بجے کا وقت ظاہر کرے اور بچوں سے درج ذیل سوال پوچھے

1. بڑی سوئی کس عدد پر ہے؟ 6 پر
2. چھوٹی سوئی کس عدد پر ہے؟ 7 اور 8 کے درمیان
3. گھڑی پر کیا وقت ہوا ہے؟ ساڑھے 7 بجے /7 بج کر 30 منٹ

اگر بچے نہ بتا سکیں تو مدرس رہنمائی کرے۔

اب مدرس باری باری بچوں کو بلا کر پلاسٹک/ گتے کی گھڑی پر سوئیوں کو ایسے مقام پر رکھے جو ساڑھے 7 بجے کا وقت ظاہر کرے

سرگرمی نمبر 5: پونے چار بجے کا وقت

مدرس پونے چار بجے کا وقت گھڑی پر ظاہر کر کے بچوں سے درج ذیل سوال پوچھے

1. بڑی سوئی کس عدد پر ہے؟ 9 پر
2. چھوٹی سوئی کس عدد پر ہے؟ 3 سے آگے اور چار سے تھوڑا پیچھے
3. گھڑی پر کیا وقت ہوا ہے؟ پونے چار بجے/ 3 بجکر 45 منٹ

اب مدرس بچوں سے پونے چار بجے کا عملی کام گھڑی پر کروائے۔ کام کے دوران ہر وقت بچوں کی رہنمائی کرے۔

نوٹ: درسی کتاب صفحہ نمبر کی مشق کروائی جائے

سرگرمی نمبر 6: مدرس بچوں سے کہے کہ وہ اپنی سلیٹوں پر گھڑی کی ڈرائنگ کریں اور اپنی مرضی کا وقت دکھائیں ڈرائنگ کو زیادہ اہمیت دی جائے لیکن گھڑی پر صحیح وقت دکھایا گیا ہو تو ان بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے

جائزہ کی سرگرمی: تختہ سیاہ پر یا کسی چارٹ پر درج ذیل اوقات کی گھڑیاں دکھا کر بچوں سے پوچھا جائے کہ ان گھڑیوں میں کیا کیا بجا ہے

4 بجے، 12 بجے، سوا تین بجے، 2-1/2 بجے، ساڑھے چھ بجے،

پونے تین بجے، پونے سات بجے، پونے نو بجے وغیرہ

جماعت کی سرگرمی: تختہ سیاہ پر یا کسی چارٹ پر درج ذیل اوقات کی گھڑیاں دکھا کر بچوں سے پوچھا جائے کہ ان گھڑیوں میں کیا کیا بجا ہے؟

4 بجے، 12 بجے، سوا تین بجے، $2\frac{1}{2}$ بجے، ساڑھے چھ بجے

پونے سات بجے، پونے نو بجے، ایک بجے

منٹ، گھنٹے، دن، ہفتے، مہینے

60 منٹ	ایک گھنٹہ	بتائیں	ایک گھنٹہ میں کتنے منٹ ہوتے ہیں
24 گھنٹے	ایک دن	بتائیں	ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں
سات دن	ایک ہفتہ	بتائیں	ایک ہفتہ میں کتنے دن ہوتے ہیں
چار ہفتے	ایک مہینہ	بتائیں	ایک مہینہ میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں
30 دن	ایک مہینہ	بتائیں	ایک مہینہ میں کتنے دن ہوتے ہیں
12 مہینے	ایک سال	بتائیں	ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں

ہفتے کے دنوں کے نام

سکول میں چھٹی کس دن ہوتی ہے؟ اتوار کو

آدھی چھٹی کس دن ہوتی ہے؟ جمعہ کو

جمعہ کے بعد کونسا دن آتا ہے؟ ہفتہ

ہفتے کے بعد کونسا دن آتا ہے؟ اتوار

بتایئے ہفتے میں کل کتنے دن ہوتے ہیں سات

ہفتے کے سات دنوں کے نام بتائیں

1. پیر سے شروع کریں

2. منگل سے شروع کریں

3. بدھ سے شروع کریں وغیرہ وغیرہ

جائزے کی سرگرمی: مدرس تختہ سیاہ پر سات دنوں کے نام لکھے اور بچوں سے باری باری انگلی رکھ اس دن کا نام پڑھنے کو کہے۔ اگر بچے پڑھنے میں کمزوری محسوس کریں تو مدرس بار بار سات دنوں کے نام پڑھنے کی مشق کروائے تا کہ بچے انھیں پڑھنے کے قابل ہو جائیں

لکھنے کی سرگرمی: اب مدرس بچوں کو تختہ سیاہ پر لکھے ہوئے سات دنوں کے نام سلیٹوں / تختیوں پر لکھنے کو کہے

شمسی سال یا عیسوی سال

معلومات برائے اساتذہ: پاکستان میں دفتری کام کاج، سکولوں میں پڑھائی، چھٹیاں اور امتحانات وغیرہ شمسی مہینوں کے مطابق ہوتے ہیں کاپی اور تختہ سیاہ پر روز تاریخ اور مہینہ بلکہ سن بھی لکھتے ہیں۔ ہمارے سکولوں میں سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ امتحانات بھی شمسی مہینے کے مطابق لیے جاتے ہیں۔ بلوچستان میں بالعموم شش ماہی امتحان جون میں اور سالانہ امتحان نومبر کے آخر میں ہوتے ہیں شمسی مہینے کیا ہوتے ہیں؟ یا شمسی سال کسے کہتے ہیں؟ انھیں شمسی "سورج" کے اعتبار سے کہتے ہیں۔ زمین سورج کے گرد چکر لگاتی رہتی ہے جتنے عرصہ میں اس کا چکر مکمل ہوتا ہے۔ اسے شمسی سال کہتے ہیں سال کو "سن" بھی کہتے ہیں۔ سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں سال کی گنتی حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کی پیدائش سے کی جاتی ہے اس لیے اسے عیسوی سال کہتے ہیں۔ اسکے مقابلے میں قمری مہینے ہوتے ہیں جن کا حساب چاند کے مطابق ہوتا ہے انھیں اسلامی سال بھی کہا جاتا ہے

سرگرمی نمبر 1: مدرس ایک کیلینڈر کمرہ جماعت میں آویزاں کرے۔ جس پر بارہ مہینوں کے نام لکھے ہوئے ہوں اور کیلینڈر تمام بچوں کو صاف نظر آئے۔ مدرس بچوں سے پوچھے۔ کیلینڈر میں کتنے مہینوں کے نام لکھے ہیں

"12"

- اگر بچے نہ بتا سکیں تو مدرس گن کر 12 مہینوں کے نام بتائے
- پھر ترتیب سے جنوری تا دسمبر مہینوں کے نام کی مشق کروائے
- کتاب کے صفحہ نمبر 97 میں ترتیب کیساتھ لکھے ہوئے ناموں کی فہرست کی طرح تختہ سیاہ پر مہینوں کے نام لکھ کر پڑھنے کی مشق کروائے
- مدرس کو یقین ہو جائے کہ بچوں کو مہینوں کے نام یاد ہو گئے ہیں تو وہ بچوں سے درج ذیل سرگرمی کروائے

سرگرمی نمبر2: مدرس بچوں کو گروپس میں تقسیم کرے۔ ہر گروپ آپس میں مل جل کر اپنا کیلینڈر خود تیار کریں۔
صاف ستھرا اور درست کیلینڈر بنانے والے گروپ کی حوصلہ افزائی کی جائیگی

ہدایت: یہ سرگرمی انفرادی طور پر بھی کروائی جا سکتی ہے۔ بچے اپنی کاپیوں پر کیلینڈر بنائیں۔ کیلینڈر میں ایک مہینے کے دن بھی لکھیں یعنی 1-30

- ہفتے کے دنوں کے نام بھی لکھیں۔
- پھر بالترتیب پورے سال کا کیلینڈر مکمل کروائے چاہے اس میں کئی دن لگ جائیں

سرگرمی نمبر3: بچوں سے درج ذیل سوال پوچھے جائیں

(الف) اپنا کیلینڈر غور سے دیکھیں یا کمرہ جماعت میں آویزاں کیلینڈر کی جانب اشارہ کر کے پوچھا جائے

1. کیا ہر ماہ کے تیس دن ہوتے ہیں نہیں
2. ان مہینوں کے نام بتائیں جن کے 30 دن ہوتے ہیں اپریل، جون، ستمبر، نومبر
3. ان مہینوں کے نام بتائیں جن کے 31 دن ہوتے ہیں جنوری، مارچ، مئی، جولائی، اگست، اکتوبر

اب مدرس بچوں کو بتائے کہ فروری کے مہینے میں 28 دن ہوتے ہیں

4. انگلیوں کے بند کے ذریعے بچوں کو مہینوں کے دنوں (31/30) کی تعداد کی مشق کروائی جائے تا کہ بچے فوراً دنوں کی تعداد کو بتانے کے قابل ہو جائیں
5. شمسی سال کے پہلے ماہ کا نام بتائیں
6. شمسی سال کے چھٹے مہینے کا نام بتائیں
7. شمسی سال کے آخری مہینے کا نام بتائیں
8. جون کے مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
9. دسمبر کے مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
10. فروری کے مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
11. شرکاء سے کہا جائیگا کہ وہ شمسی سال، مہینوں کے نام، ان کے دن کا ایک تدریسی معاون تیار کریں جسکی مدد سے درج بالا تصورات کو واضح کرنے میں آسانی ہو۔ (بہترین تدریسی معاون تیار کرنے والوں کی حوصلہ

افزائی کی جائیگی)

اسلامی مہینے یا قمری مہینے

معلومات برائے اساتذہ: چاند زمین کے گرد چکر لگاتا ہے۔ جتنے وقت میں چاند ایک چکر پورا کرتا ہے اسے قمری مہینہ کہتے ہیں بارہ قمری مہینوں کا ایک قمری سال ہوتا ہے عرب میں قمری مہینے زمانہ قدیم سے چلے آرہے تھے اسلامی معاشرے میں بھی ان مہینوں کو اپنایا، مہینوں کی ترتیب اور تعداد وہی رہی جو پہلے تھی مگر قدیم زمانے میں قمری سال کا سلسلہ وار کوئی یقین نہیں تھا۔ہجری سال کا آغاز اس وقت سے ہوا جب حضور ﷺ نے مکے سے مدینے کی طرف ہجرت کی، ہجری سال لکھتے وقت ھ لکھتے ہیں اور شمسی سال کے ساتھ ء لکھا جاتا ہے اور جس سے مراد ہجری سال ہے امیر المومنین حضرت عمرؓ کے دارالحکومت میں حضرت علیؓ کے مشورے سے ہجری سال کا آغاز کیا گیا جسکی بنیاد ہجرت نبوی پر رکھی گئی۔ حضرت عثمانؓ کے مشورے کے مطابق یکم محرم سے اسکی ابتدا کی گئی۔ایک ہجری سال، شمسی سال سے گیارہ دن چھوٹا ہوتا ہے۔قمری یا ہجری مہینے کی ابتدا چاند دیکھ کر کی جاتی ہے۔چونکہ اسلامی تہوار قمری مہینوں کی تاریخ کے مطابق منائے جاتے ہیں اور اسلامی تاریخ کے واقعات بھی سن ہجری کے مطابق منائے جاتے ہیں اس لیے اسلامی مہینوں کے نام بھی بچوں کو یاد کروائے جائیں

سرگرمی نمبر 1: کمرہ جماعت میں ہجری سال اور قمری مہینوں کے نام کا کیلینڈر آویزاں کیا جائے۔مدرس باری باری قمری مہینوں کے نام دہرائے۔بچوں سے مشق کروائے

- مدرس بچوں کو بتائے کہ قمری مہینوں کی تعداد بھی 12 ہے۔ہر مہینے میں 30 یا 29 دن ہوتے ہیں
- قمری سال کا پہلا مہینہ محرم اور آخری مہینہ ذی الحج کہلاتا ہے۔

سرگرمی نمبر 2: قمری مہینوں کے نام فلش کارڈز پر لکھے جائیں۔انھیں الٹ پلٹ کر کے بچوں سے کہا جائے۔کہ کیلنڈر میں درج ترتیب کے لحاظ سے فلش کارڈز کو ترتیب دیں۔

سرگرمی نمبر 3:

1. مدرس صفحہ 99 کے مطابق تختہ سیاہ پر اسلامی مہینوں کے نام لکھ کر بچوں سے بار بار مشق کروائے۔
2. بچوں کو سلیٹوں / تختیوں پر اسلامی مہینوں کے نام لکھنے کو کہے
3. درسی کتاب صفحہ نمبر 100 کی مشق کروائی جائے

سرگرمی نمبر 4: بچوں سے اسلامی مہینوں کا کیلینڈر بنوایا جائے


جائزے کی سرگرمیاں

1. ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
2. شمسی سال کے پہلے مہینے کا نام بتائیں؟
3. ایک ماہ میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟
4. قمری مہینوں کے نام بتائیں؟
5. اسلامی سال کا پہلا مہینہ کون سا ہے؟
6. امام حسینؓ کی شہادت کس اسلامی مہینے میں ہوئی ؟
7. ایک سال میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
8. یومِ آزادی کس مہینے میں مناتے ہیں؟
9. جس مہینے میں روزے رکھتے ہیں اسکو کیا کہتے ہیں؟
10. شمسی سال اور قمری سال میں کیا فرق ہے؟

سرگرمی نمبر 5: بتائیں درج ذیل مہینوں ہم کیا کرتے ہیں؟

- رمضان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ - ذی الحج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
- شعبان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ - شوال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سرگرمی نمبر 6: جوڑ ملائیں



نواں	جمادی الثانی
دسواں	شوال

سرگرمی نمبر 7: درج ذیل خانوں میں مہینوں کے نام لکھیں

قمری مہینے	
پہلا	محرم
دوسرا	
تیسر	
چوتھا	
پانچواں	
چھٹا	
ساتواں	
آٹھواں	
نواں	
دسواں	
گیارھواں	
بارھواں	

شمسی مہینے	
1	جنوری
2	
3	

	4
	5
	6
	7
	8
	9
	10
	11
	12

جیومیٹری

باب:10

سرگرمی نمبر1: کھلی اور بند اشکال کی مشقیں صفحہ 101-103

سرگرمی نمبر2: الف: مثلث، مربع اور مستطیل کے اشکال تختہ سیاہ پر بنا کر کونوں اور ضلعوں کی اچھی طرح شناخت کروانا

ب: بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ اپنی سلیٹوں پر مثلث، مربع اور مستطیل باری باری بنائیں۔ان کے کونوں اور ضلعوں کی نشاندہی کریں۔ بوقتِ ضرورت مدرس بچوں کی رہنمائی کرے

سرگرمی نمبر3: صفحہ نمبر 105 کی مشق انفرادی طور پر کروائی جائے گی

اندر باہر کا تصور

سرگرمی نمبر1: شرکاء میں سے چند کو کمرہِ جماعت سے باہر بھیجا جائے


سوال: شرکاء اس وقت کہاں گئے باہر

Resource person پوچھے: 1. باہر کتنی لڑکیاں ہیں؟

2. اندر کتنی لڑکیاں ہیں؟

اب تختہ سیاہ پر درج ذیل اشکال بنا کر اندرونہ اور بیرونہ کا تصور واضح کرے






مستطیل کے اندر کتنے ستارے ہیں؟

مستطیل کے باہر کتنے ستارے ہیں؟

مربع کے اندر کتنے ۔۔۔۔۔۔ ہیں؟

مربع کے باہر کتنے ۔۔۔۔۔۔ ہیں؟






تکون کے اندر کتنے ۔۔۔۔۔۔ ہیں؟

تکون کے باہر کتنے ۔۔۔۔۔۔ ہیں؟





سرگرمی نمبر 2: درسی کتاب صفحہ نمبر 106-112 کی مشقیں (انفرادی کام)

سرگرمی نمبر 3: شرکاء کو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا کہ وہ اندرونہ اور بیرونہ کے تصور کی

وضاحت اور مشق کیلیے سرگرمیاں تیار کرے

۔ گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

۔ سوال و جواب، بحث مباحثہ، قابلِ عمل اور معیاری سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی

تصویری گراف صفحہ نمبر: 113-116

سرگرمی نمبر 1: کتابی مشقوں کی مدد سے گراف کے تصور کی وضاحت

سرگرمی نمبر 2: شرکاء سے درجِ ذیل گراف بنانے کو کہا جائے گا

دوسری جماعت میں بیس بچے ہیں۔ ہر بچے کا پسندیدہ رنگ کیا ہے؟ اسے بار گراف کی شکل میں دکھائیں

کثیر الجماعتی تدریس

سرگرمی نمبر۱. (گروپ ورک) (وقت: ۲۰ منٹ)

۱. کثیر الجماعتی تدریس میں پیش آنے والے مسائل کی نشاندہی کریں.

۲. یہ بھی سوچ کر بتائیں کہ آپ کے خیال میں ان مسائل پر کیسے قابو پایا جا سکتا ہے ؟ (چند ممکنہ تجاویز پیش کریں)

☆ تمام گروپ کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ کثیر الجماعتی تدریس سے متعلق پیش کردہ عام مسائل پر گفتگو

☆ باہمی مشاورت سے ممکنہ حل تلاش کرنے کی کوشش

سرگرمی نمبر۲.

Resource person کی جانب سے درجِ ذیل ممکنہ طریقوں کی پیشکش اور ان پر گفتگو

☆ ایک جماعت میں استاد خود پڑھائے اور دوسری جماعت کو کام دے

☆ ایک جماعت میں استاد خود پڑھائے اور دوسری جماعت / جماعتوں

☆ ایک جماعت میں خود پڑھائے اور دوسری جماعتیں گروپ میں کام کریں

☆ درجِ ذیل کام مشترکہ طور پر کاوائے

الف) کلمے پڑھنا، قرآنی آیات دہرانا، قرآنی آیات یاد کرنا، نظمیں ترنم اور ایکشن سے پڑھنا، بامقصد کھیل

کود ، ڈرائنگ کی مشق وغیرہ

ب) ایک جیسے تصورات پر مبنی اسباق مشترکہ طور پر پڑھانا اور سرگرمیاں کروانا

سرگرمی نمبر۳.

☆ شرکاء کو درسی کتب جماعت اول اور جماعت دوم میں سے ایک جیسے تصورات پر مبنی اسباق کی فہرست بنانے کو کہا جائیگا.

☆ تصورات کے ساتھ ساتھ زباندانی کی ان مہارتوں/سرگرمیوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جائیگا جو تمام کلاسوں کو ایک ساتھ کروایا جاسکتا ہو۔

☆ تمام گروپس کی جانب سے کام کی پیشکش

☆ سوال و جواب اور اپنے اپنے خیالات کے اظہار کا سیشن

☆ نتائج اخذ کانا

سرگرمی نمبر۴۔

☆ سبقی خاکے کی تیاری اور پیشکش: گروپس سے کہا جائے گا کہ وہ جماعت اول اور جماعت دوم کی درسی کتب میں سے ایک ہی تصور پر مبنی مشترکہ سبقی خاکہ تیار کرے اور ساتھ ہی ساتھ جماعت اول اور جماعت دوم کے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق سرگرمیاں اور تدریسی معاونات بھی تیار کریں

☆ زبان دانی کی مہارتوں مثلاً لکھنے، پڑھنے اور گرائمر کے مشترکہ نکات جیسے (واحد،جمع) (متضاد،مترادف) (ہم آواز الفاظ) اور دیگر پر مشترکہ سرگرمیاں تیار کریں جو دونوں جماعتوں کو ایک ساتھ کرائی جاسکتی ہیں۔

☆ ہر گراپ کی جانب سے **کثیرالجماعتی تدریس** کی پیشکش

☆ پیش کردہ اسباق پر گفتگو اور قابل عمل مشوروں کی حوصلہ افزائی

☆ **سرگرمی نمبر۵۔ (آزادانہ سرگرمیاں)**

شرکاء جماعت اول کیلیئے ریاضی کے کسی تصور پر (جو وہ پڑھا چکی ہیں) گروپس میں تبادلہ خیال کر کے (work sheet) تیار کریں یا تختہ سیاہ پر وہ کام لکھ دیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اپنے گروپ میں یہ کام مل کر کریں۔

گروپ نمبر۱۔	گروپ نمبر۲۔	گروپ نمبر۳۔	گروپ نمبر۴۔
کمزور بچوں کے لئے	اکائی کے ہندسوں کی تفریق	دہائی کی جمع	دہائی کی تفریق

اکائی کے ہندسوں کی جمع

خوشخطی   خوشخطی   خوشخطی   خوشخطی

سلیٹوں پر گھڑیاں بنائیں   سلیٹوں پر گھڑیاں بنائیں   ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں

1-99 تک گنتی لکھیں

اور درج ذیل وقت دکھائیں   اور درج ذیل وقت دکھائیں   نام لکھیں

4 بجے ، 9، بجے،12 بجے   ایک بجے ، 11 بجے ، 7 بجے

☆ **سرگرمی نمبر ۶۔**

شرکاءگروپس میں باہمی مشورے سے مل جل کر اپنے مدرسے کے لئے تقسیم اوقات کار کا ہفتہ وار اور ماہوار Time Table تیار کریں۔

☆ **سرگرمی نمبر ۷۔**

استاد کی براہ راست نگرانی جماعت دوم درسی کتاب سبق نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

- نئے الفاظ تختہ سیاہ پر لکھ کر بو لنے اور پڑھنے کی مشق
- پیراگراف کی ریڈنگ
- تفہیمی سوالات
- مشقی سوالات

نوٹ: ایک سبق ایک دن میں مکمل نہیں کیا جا سکتا۔ پیرا کی ریڈنگ مکمل ہو جانے کے بعد استاد بچوں کو گروپس میں تقسیم کر کے انھیں پڑھنے کی مشق پر لگائے۔ اور اس دوران جماعت اول میں جا کر بچوں کے کام کی نگرانی کرے

مدرسے کا ریکارڈ رکھنا

☆ درج ذیل تمام رجسٹرات پر عملاً کام کروایا جائے گا

- داخلہ فارم
- داخلہ رجسٹر   (اندراج اور اخراج کا طریقہ کار)
- مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ

- حاضری رجسٹر (اساتذہ، طالبِ علم)
- اوسط حاضری نکالنا وغیرہ
- سرکاری خط و کتابت